درجہ ان کے حالات زندگی شجاعت جہاد فی سبیل اللہ کے سلسلے میں افغانستان‘ کابل میں سینکڑوں صحابہ کرام کی سنگت میں پنج سالہ قیام مواعظ عمر بن عبدالعزیز کے نام مکاتیب اور انکے بے شمار علمی دینی تبلیغی کارہائے نمایاں تفسیری فوائد و عجائب آپ کیلئے اس زرین تفسیر میں قرۃ العیون کا ذریعہ بنیں گے۔ یہ تفسیر پانچ جلدوں پر مشتمل ہے۔ ابتدائی جلد میں آپکی سیرت و تاریخ کا خوبصورت مرقع ہے‘ ضرورت اس امر کی ہے کہ کتاب کے اس حصے کو اردو قالب میں ڈھالا جائے تا کہ عام اردو خواں طبقہ کو اسی جلیل القدر امام کی سیرت وسوانح سے آگاہی حاصل ہو جائے۔ طلبہ علوم دینیہ کیلئے رعایتی قیمت صرف سات سو روپے ہے۔ کمپوزنگ اور ٹائٹل مجلد اور دیدہ زیب۔ اس میں شک نہیں کہ یہ تفسیر علوم قرآنیہ میں ایک قابل قدر اور بہترین اضافہ ہے‘ دورۂ تفسیر پڑھنے اور پڑھانے والوں کے لئے بالخصوص یہ تفسیر ایک بیش قیمت سوغات ہے۔

کتاب: حق و باطل کی پہچان (دو جلدیں) مصنف: مولانا حافظ ضیاء الدین پیرزادہ

ضخامت: ۱۵۹۲ صفحات

محترم حضرت مولانا حافظ ضیاء الدین پیرزادہ کی زرین‘ گرانقدر وقیع تصنیف ہے۔ جس میں اسلاف کرام‘ بالخصوص اکابرین دیوبند کے سرفروشانہ‘ جراتمندانہ حق گوئی و بیباکی اور جان بازی کے نادرۂ روزگار ایمان افروز واقعات‘ خطبات‘ ملفوظات‘ ان کی سوانح حیات‘ دینی ملی خدمات کے علاوہ مذہب اسلام کے سارے شعبوں عقائد و عبادات‘ معاملات‘ اخلاقیات‘ اقتصادیات‘ جہاد و تبلیغ‘ زہد و تقویٰ اور فرق باطلہ کے غلط افکار و نظریات کی مدلل تردیدات اور دیگر سینکڑوں متنوع مسائل کو معتمد مصادر سے پوری محنت و عرقریزی کیساتھ منتخب فرما کر بہترین سلیقہ مندی سے گنجینہ جواہرات بنا کر شستہ شگفتہ سلیس ادبی اردو زبان میں افادہ عام کیلئے شائع فرما دیا ہے۔

حق و باطل کی پہچان کی یہ مایہ ناز کتاب دو جلدوں (۱۵۹۲ صفحات) میں بہترین کتابت و طباعت‘ معیاری کاغذ دیدہ زیب جلد بندی سے آراستہ ہے طلبہ کیلئے رعایتی قیمت۔

اس نادرۂ روزگار علمی شاہکار کتاب سے ہر دار المطالعہ‘ کتب خانہ کی زینت افزائی حد درجہ ضروری ہے۔

خط و کتابت کرتے وقت اپنے خریداری نمبر کا حوالہ ضرور دیجئے